## سوال

(104) طبلے سارنگیاں اور گانا بجانا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض تقریبات میں طبلے، سارنگیاں اور فحش قسم کے گانے گائے جاتے ہیں۔ ایسی تقریبات میں شرکت کا کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے گانے گانا یا سننا اور طبلے سارنگیاں بجانا حرام ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمِنَ النّاسِ مَن يَشتَرى لَهوَ الحَديثِ ... ٦ سورة لقمان

"اور لوگوں میں سے کچھ ایسے ہیں جو بے ہودہ باتیں خریدتے ہیں۔"

اس آیت میں "لَهوَ الحَديثِ" کی تفسیر گانے بجانے اور آلات طرب طبلے سارنگیاں وغیرہ ہیں۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ کی قسم اس آیت میں لَهوَ الحَديثِ سے مراد گانا بجانا ہے۔" (تفسیر طبری)

معلوم ہوا کہ گانا بجانا، آلات طرب وغیرہ گمراہی کے آلات ہیں اور ایسی تقریبات جہاں ان کا استعمال ہوتا ہے ان میں شرکت نہیں کرنی چاہیے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## آپ کے مسائل اور ان کا حل

محدث فتویٰ